© rasailojaraid.com



ساغر اقبالی

# زبان میری ہے بات ان کی

*بجٹ میں لگائے گئے معمولی ٹیکسوں کا بوجھ عام آدمی پر نہیں پڑے گا (چودھری امیر حسین)

صرف آٹا دو سو روپے من تک چلا جائیگا

*"رشوت کا کسی سے ذکر نہ کرنا" کانسٹیبل پچیس سو روپے لے کر حلف اٹھوانے کے لئے دودھ فروش کو مسجد میں لے گیا (ایک خبر)

مسجد اور مولوی کو گالی دینے والوں کا اعلیٰ کردار

*"جنگ" نے عوام کو صحت مند تفریحی مشاغل کا سامان مہیا کیا ہے (پرویز الٰہی)

مثلاً نیم برہنہ عورتوں کی رنگین تصاویر کی اشاعت اور مدر پدر آزاد معاشرہ کی تشکیل وغیرہ وغیرہ

*وزیراعظم آزاد کشمیر کا پی، آر، او شراب سمگل کرتے ہوئے گرفتار (ایک خبر)

پبلک ریلیشنز اسی طرح قائم ہوتے ہیں

*طاہرہ سید کی یاد آتی ہے لیکن مجنوں نہیں کہ گریبان چاک کر کے صحرا میں نکل جاؤں (نعیم بخاری)

ہم تو مریں گے یار کی دیوار کے تلے مجنوں کو جنوں تھا کہ بیاباں میں مر گیا

*ہم نے انگریز کو ذریعہ نجات سمجھا اور قرآن کو الماریوں میں بند کر دیا (جسٹس خلیل الرحمان)

ہم مسلمانوں کو عیسائی تو نہ بنا سکے مگر مسلمان بھی نہیں رہنے دیا۔ (ڈبلیو ڈبلیو ہنٹر)

*دریاؤں کا رُخ موڑ دوں گا (وائیں)

بلے او تیریاں "وائیاں"

*ہمارے مطالبات تسلیم نہ کئے گئے تو سڑکوں پر نکل آئیں گے (فلم ڈسٹری بیوٹرز)

کپڑوں سے تو پہلے ہی باہر آ چکے ہیں!

*ملائیت کے خاتمہ کے بغیر حالات بہتر نہیں ہوں گے (چودھری الطاف)

ہر ایک سفلہ و بد اصل و بد زباں سے بچو!

*طفیل ہوشیار پوری کو خاتون نے کار مار کر زخمی کر دیا (ایک خبر)

غزل بڑی خونخوار ہو گئی ہے

*راولپنڈی میں ڈاکوؤں نے پولیس والوں کی تنخواہیں لوٹ لیں (ایک خبر)

دیا ہوا بھتہ واپس لے لیا

*وینا حیات کو شریک حیات مل گیا (ایک خبر)

(کزن) تہمینہ درانی کے لئے لمحہ فکریہ

*ایم کیو ایم کے ۹ ارکان قومی اور ۸ ارکان سندھ اسمبلی مستعفی (ایک خبر)

© rasailojaraid.com

© rasailojaraid.com



بہت آگے گئے باقی جو ہیں تیار بیٹھے ہیں

*زندگی کا مقصد ہی گانا ہے (نور جہاں)

میرا کوئی دادا ہے نہ نانا ہے

*محمود سپرا سے تعلقات! ہاں کروں تو بھی مشکل، نہ کروں تو بھی مشکل۔ نعیم بخاری سے علیحدگی کا کوئی افسوس نہیں (طاہرہ سید)

سونہڑے شاہ دی گھڑولی بھر دی

یک اللہ کولوں میں ڈر دی

*خواجہ معصوم پر قاتلانہ حملے کی ناکامی "ولایت" کی دلیل ہے (مشائخ عظام)

رتبۂ شہادت پر فائز ہونے سے بال بال بچ گئے۔

*بڑی مذہبی ہوں، کبھی سمجھوتہ نہیں کرتی (اداکارہ ریکھا)

تیسوں قلندر دی دیگ تھلے بالاں

*بٹ نے عوام کی چیخیں نکال دی ہیں (حاجی لمان اللہ پیپلز پارٹی)

آپ نے بھی اپنے عہد اقتدار میں عوام کا رس چوس لیا تھا۔

*ڈپٹی کمشنر لاہور کی ایک مہینے کی تنخواہ قرق کر لینے کا حکم (سول جج محمود ریاض چوہڑہ)

اس مہینے رزق حلال میسر نہیں آئے گا


## تحریک تحفظ ختم نبوت کی اہم پیشکش

• عقیدۂ ختم نبوت کے تحفظ اور ردِ مرزائیت کے سلسلہ کی اہم کتابیں • جن کی اشاعت سے قادیانی ایوان لرز اٹھے
• کفر و ارتداد اور بے دینی کے اس معاشرے میں ان کا مطالعہ ہر مسلمان کے لئے ضروری ہے۔

• مسئلہ ختم نبوت علم و عقل کی روشنی میں (مولانا مفتی محمد اسحٰق سندیلوی) ۱۸/ روپے • قادیان سے اسرائیل تک جناب ابو مدثرہ ۴۰/ روپے
• قادیانیوں کو دعوت حق (مولانا محمد عبداللہ) ۲۵/ روپے • تائید آسمانی در رد نشانِ آسمانی مولانا محمد جعفر تھانیسری ۵/ روپے
• اسلام اور مرزائیت اتقابلی مطالعہ (مولانا محمد عبداللہ) ۱۲/ روپے • رد قادیانیت پر دس کتابچے ۱۰/ روپے

### خصوصی رعایت

• کوئی ایک کتاب منگوانے پر ۲۰٪ رعایت • مکمل سیٹ منگوانے پر ۳۳٪ رعایت اور
• ۱۰۰/ روپے کی کتب منگوانے پر ۴۰٪ رعایت اور ماہنامہ نقیب ختم نبوت ایک سال کے لئے مفت جاری کیا جائے گا۔

نوٹ: رقم پیشگی ارسال کریں۔ کتاب رجسٹرڈ ڈاک سے ارسال کی جائے گی۔ ڈاک خرچ بذمہ ادارہ ہوگا۔

تحریک تحفظ ختم نبوت (شعبۂ تبلیغ) مجلس احرار اسلام پاکستان
دار بنی ہاشم مہربان کالونی ملتان۔ فون ۷۲۸۱۳


© rasailojaraid.com